# پطرس
# کا پہلا خط

1 پطرس کی جانِب سے جو یِسوعؔ المسیح کا رسول ہے،
اُن برگُزیدہ مہاجِروں اَور عارضی مقیمین کے نام خط، جو پُنطُسؔ،
گلتِیّہ، کپُدکیہؔ، آسیہؔ اَور صُوبہ بِتھُونیہؔ میں جابجا رہتے ہیں۔ 2 اَور
خُدا باپ کے علمِ سابق کے مُوافق اَور پاک رُوح کے مُقدّس کرنے
سے یِسوعؔ المسیح کے فرمانبردار ہونے اَور اُن کے خُون کے چھڑکے
جانے کے لِئے برگُزیدہ ہوئے ہیں:
تُمہیں کثرت سے فضل اَور اِطمینان حاصل ہوتا رہے۔

## زندہ اُمّید کے لِئے خُدا کی حَمد

3 ہمارے خُداوندؔ یِسوعؔ المسیح کے خُدا اَور باپ کی حَمد ہو! جِس
نے خُداوندؔ یِسوعؔ المسیح کے مُردوں میں سے جی اُٹھنے کے سبب سے
اَپنی بڑی رحمت سے ہمیں ایک زندہ اُمّید کے لِئے نئے سِرے سے پیدا
کیا ہے،
4 تاکہ ہم ایک غَیر فانی، بے داغ اَور لازوال مِیراث پائیں جو خُدا
کی طرف سے ہمارے لِئے آسمان پر محفوظ ہے۔
5 جو تمہارے ایمان کے وسیلہ سے اَور خُدا کی قُدرت سے اُس نَجات
کے لِئے محفوظ ہے جو اِن آخِری وقت میں ظاہر ہونے والی ہے۔

6 چنانچه تُم اِن سَب کے درمیان خُوب خُوشی مناتے هو حالانکه هو
سَکتا ھے که تُمھیں ابھی چند روز کے لِئے مُختلف آزمائشوں کا سامنا
کرنے سے غمزده هونا پڑے۔
7 اَور یه آزمائشیں اِس لِئے آئی هیں تا که تمھارے ثابت ایمان کی
صداقت آگ میں تپے هوئے فانی سونے سے بھی زِیاده قیمتی هو، اَور
یِسوعؔ المسیح کے ظاهر هونے کے وقت تعریف، جلال اَور عزّت کے
لائق ٹھھرے۔
8 اگرچه تُم نے یِسوعؔ کو نہیں دیکھا، مگر پھر بھی اُن سے مَحَبّت کرتے
هو؛ حالانکه تُم ابھی بھی حُضُور کو اَپنے نظروں کے سامنے نہیں پاتے
هو، پھر بھی اُن پر ایمان رکھتے هو اَور اَیسی خُوشی مناتے هو جو بیَان سے
باهر اَور جلال سے معمُور ھے،
9 کیونکه تمھارے ایمان کا آخِری اجر تمھاری رُوحوں کی نَجات ھے۔
10 اِسی نَجات کی بابت نبیوں نے بڑی احتیاط سے تفتیش کی اَور
اُنہُوں نے اُس فضل کی نبُوّت کی جو تُم پر هونے والا تھا۔
11 اُنہُوں نے یه مَعلُوم کرنے کی کوشش کی که المسیح کا رُوح جو
اُن میں تھا وه کس وقت اَور کس حالات کے بارے میں بات کر
رهاتھا جَب اُس نے المسیح کے دُکھ اُٹھانے اَور اُس کے بعد جلال
پانے کی بابت نبُوّت کی تھی۔
12 اُن پر یه ظاهر کر دیا گیا تھا که اُن کی یه خدمت اَپنے لِئے نہیں
بَلکه تمھارے لِئے کر رهے هیں۔ لٰهذا جو باتیں اُنہُوں نے کھی تھیں اَب
خُوشخبری سُنانے والوں نے پاک رُوح کی مدد سے جو آسمان سے نازل
هُوا، تُمھیں بتائیں۔ یه سَب اِتنی خُوبصورت ھے که فرشتے بھی اِن باتوں

کو باریکی سے سمجھنے کی بڑی آرزُو رکھتے ھیں۔

## پاک زندگی بسر کرو

13 اِس لِئے اَپنی عقل سے کام لو اَور ھوشیار رہ کر، مُکمّل سنجِیدگی
سے زندگی گُزارو اَور اُس فضل پر پُوری اُمّید رکھو جو تُمھیں یِسوعؔ المسیح
کے ظاھر ھونے کے وقت مِلنے والا ھے۔
14 اَور خُدا کے فرمانبردار فرزندوں کی مانند اُن پُرانی بُری خواھشات
کو اَپنی زندگی میں جگہ نہ دو جنہیں اَپنی جھالت کے دِنوں میں پُورا
کرنے میں لگے رھتے تھے۔
15 بلکہ جِس طرح تمھارا بُلانے والا خُدا پاک ھے اُسی طرح تُم
بھی اَپنے سارے چال چلن میں پاک بنو۔
16 کیونکہ لِکھّا ھے، "پاک بنو کیونکہ مَیں پاک ھُوں۔"*
17 اَور جَب تُم اَے باپ کہہ کر خُدا سے دعا کرتے ھو، جو بغیر
طرفداری کے ھر شخص کے عَمل کے مُوافق اُس کا اِنصاف کرتا ھے تو
تُم بھی دُنیا میں اَپنی مُسافرت کا زمانہ خوف کے ساتھ گُزارو۔
18 کیونکہ تُم جانتے ھو کہ تُم نے اُس نکمّے چال چلن سے خلاصی
پائی ھے جو تُمھیں تمھارے باپ دادا سے مِلا تھا، لیکن یہ مخلصی تُم نے
سونے یا چاندی جَیسی فانی چیزوں سے نہیں پائی،
19 بلکہ ایک بے عیب اَور بے داغ برّے یعنی المسیح کے بیش قیمتی
خُون سے۔

---

* **1:16** اَحبا 11:44،45؛ 2:19

20 المسیح کو تو دُنیا کی تخلیق سے پیشتر ھی چُن لیا گیا تھا لیکن اِن
آخِری دِنوں میں تمھاری خاطِر ظاھر کیا گیا۔
21 تُم اُسی کے وسیلہ سے خُدا پر ایمان لائے ھو، جِس نے حُضُور
کو مُردوں میں سے زندہ کیا اَور جلال بخشا تا کہ تمھارا ایمان اَور اُمّید
خُدا پر قائِم ھو۔
22 چونکہ تُم نے حق کی تابِعداری سے اَپنے آپ کو پاک کیا ھے
جِس سے تُم میں بھائیوں کے لِئے بے رِیا برادرانہ مَحَبّت کا جذبہ پیدا
ھو گیا ھے، اِس لِئے دِل و جان سے آپَس میں بے پناہ مَحَبّت رکھو۔
23 کیونکہ تُم فانی تُخم سے نہیں بَلکہ خُدا کے زندہ اَور اَبدی کلام
کے وسیلہ سے نئے سِرے سے پیدا ھوئے ھو۔
24 کیونکہ،
”ھر بشر گھاس کی مانِند ھے،
اَور اُن کی ساری شان و شوکت میدان کے پھُولوں کی مانِند ھے؛
گھاس سُوکھ جاتی ھے اَور پھُول مُرجھا جاتے ھیں،
25 لیکن خُداوؔند کا کلام اَبد تک قائِم ھے۔“†
یہ وُھی خُوشخبری کا کلام ھے جو تُمھیں سُنایا گیا تھا۔

## 2

1 پس ھر قِسم کی بُرائی، فریب، ریاکاری، حَسد اَور بدگوئی کو دُور
کر دو۔
2 اَور نَوزائیدہ بچّوں کی مانند خالص رُوحانی دُودھ کے آرزُومند رھو
تا کہ اُس کے ذریعہ سے نَجات کے مُکمّل تجربہ میں بڑھتے جاؤ۔

† 1:25 یَشع 40:6-8

3 کیونکہ تُم نے چکھ کر جان لیا ہے کہ خُداوؔند کتنا مہربان ہے۔

## زندہ پتّھر اَور پاک اُمّت

4 جَب تُم اُس زندہ پتّھر* کے پاس آتے ہو جسے اِنسانوں نے ردّ کر
دیا تھا† لیکن جو خُدا کی نظر میں بیش قیمتی اَور مُنتخب کیا ہُواہے۔
5 اَور تُم بھی زندہ پتّھروں کی مانند ہو جو پاک رُوح کا مَقدِس بنتے
جا رہے ہو، تا کہ تُم کاہِنوں کا مُقدّس فرقہ بَن کر اَیسی رُوحانی قُربانیاں
پیش کرو جو یِسوعؔ المسیح کے وسیلہ سے خُدا کے حُضُور میں مقبُول
ہوتی ہیں۔
6 جَیسا کہ صحیفہ یُوں بَیان کرتا ہے:
”دیکھو! مَیں صِیّونؔ میں کونے کے سِرے کا،
ایک مُنتخب اَور قیمتی پتّھر رکھ رہا ہُوں،
اَورجو اُس پر ایمان لائے گا
وہ کبھی شرمندہ نہ ہوگا۔“‡
7 پس تُم ایمان لانے والوں کے لِئے تو وہ قیمتی پتّھر ہے لیکن ایمان نہ
لانے والوں کے لِئے،
”جِس پتّھر کو مِعماروں نے ردّ کر دیا تھا
وُہی کونے کے سِرے کا پتّھر ہو گئے۔“§
8 اَور
”ٹھیس لگنے کا پتّھر

---

* **2:4** زندہ پتّھر یعنی المسیح † **2:4** زبُور 22:118 ‡ **2:6** یَشَع 16:28 § **2:7** زبُور 22:118

اَور ٹھوکر کھانے کی چٹّان بَن گیا۔"*
وہ اِس لئے ٹھوکر کھاتے ھیں کیونکہ وہ کِتاب مُقدّس پر ایمان نہیں لاتے
ھیں اَور یہی سزا خُدا نے اُن کے لئے بھی مُقرّر کی ھے۔
9 لیکن تُم ایک مُنتخب اُمّت، شاھی کاھِنوں کی جماعت، مُقدّس قوم
اَور خُدا کی خاص مِلکیّت ھو تا کہ تمھارے ذریعہ اُس کی خُوبیاں
ظاھر ھوں جِس نے تُمھیں تاریکی سے اَپنی عجِیب رَوشنی میں بُلایا ھے۔
10 پہلے تُم اُس کی اُمّت نہ تھے، لیکن اَب خُدا کی اُمّت بَن گئے ھو۔
تُم جو پہلے خُدا کی رحمت سے محروم تھے اَب اُس کی رحمت کو پا
چُکے ھو۔

## مسیحی مُومِنین کی ذمّہ داریاں

11 اَے عزیزوں! تُم جو مہاجِروں اَور پردیسیوں کی مانند زندگی گزار
رہے ھو، میں تمھاری مِنّت کرتا ھُوں کہ تُم اُن بُری جِسمانی خواھشوں
سے دُور رھو جو تمھاری رُوح سے لڑائی کرتی رھتی ھیں۔
12 اَور غَیریہُودیوں میں اَپنا چال چلن اَیسا نیک رکھو تا کہ جِن باتوں
میں وہ تُمھیں بدکار جان کر تمھاری بدگوئی کرتے ھیں، وُھی تمھارے
نیک کاموں کو دیکھ کر اُنہیں کے سبب سے خُدا کے ظہُور کے دِن
اُس کی تمجید کریں۔
13 خُداوؔند کی خاطِر، اِنسان کے ھر ایک اِنتظام کے تابع رھو، بادشاہ
کے اِس لئے کہ وہ سَب سے اعلیٰ اِختیار والا ھے۔

* **2:8** یَشع 14:8

14 حاکموں کے اِس لِئے کہ خُدا نے اُنہیں بدکاروں کو سزا دینے
اَور نیکوکاروں کی تعریف کرنے کے لِئے مُقرّر کیا ہے۔
15 کیونکہ خُدا کی مرضی یہ ہے کہ تُم نیکی کرکے نادان لوگوں کی
جہالت کی باتوں کو بند کر دو۔
16 اَور تُم خُود کو آزاد جانو، مگر اَپنی اِس آزادی کو بدکاری کی
لِئے اِستعمال نہ کرو، بَلکہ خُدا کے بندوں کی طرح زندگی بسر کرو۔
17 سَب کا مُناسب اِحترام کرو، اَپنی مُومِنین برادری سے مَحَبّت رکھو،
خُدا سے ڈرو اَور بادشاہ کی تعظیم کرو۔
18 اَے غُلاموں! بڑے خوف اَور اِحترام کے ساتھ اَپنے مالکوں کے
تابع رہو، نیک اَور حلیم مالکوں کے ھی نہیں بَلکہ بُرے مالکوں کے
بھی تابع رہو۔
19 کیونکہ اگر تُم صبر کے ساتھ بےاِنصافی کے باعث یہ جان کر
تکلیفوں کو برداشت کرتے ہو کہ جو تُم کر رہے ہو وہ صحیح ہے تو
خُدا کی نظر میں یہ بات قابلِ تعریف ہے۔
20 لیکن اگر تُم نے قُصُور کرکے تھپڑ کھائے اَور صبر کیا تو کیا یہ
کوئی فخر کی بات ہے؟ ہاں، اگر نیکی کرنے کے باوُجُود دُکھ پاتے
اَور صبر سے کام لیتے ہو تو یہ بات خُدا کی نظر میں قابلِ تعریف ہے۔
21 اَور تُمھیں بھی اِسی چال چلن کے لِئے بُلایا گیا ہے، کیونکہ المسیح
نے بھی تمھارے واسطے دُکھ اُٹھا کر ایک مثال قائِم کر دی ہے تا کہ
تُم اُن کے نقش قدم پر چلو۔
22 ”کیونکہ المسیح نے نہ تو کوئی گُناہ کیا،

اَور نہ ھی اُن کے مُنہ سے کوئی فریب کی بات نکلی۔“†
23 جَب لوگوں نے اُنہیں گالِیاں دیں تو حُضُور نے جَواب میں کبھی
گالی نہ دی، اَور نہ دُکھ پا کر کبھی کسی کو دھمکی دی، بَلکہ اَپنے
آپ کو سچّے اِنصاف کرنے والے خُدا کے حوالہ کرتے تھے۔
24 وہ خُود ھمارے گُناھوں کو اَپنے بَدن پر لِئے ھوئے صلیب پر چڑھ گیا
تا کہ ھم گُناھوں کے لِئے مُردہ اَور راستبازی کے لِئے زندہ ھو جائیں۔
اَور اُسی کے مار کھانے سے تُم نے شفا پائی ھے۔
25 کیونکہ پہلے تُم بھیڑوں کی مانند بھٹکے ھُوئے تھے‡ لیکن اَب اَپنی
رُوحوں کے گلّہ بان اَور نگہبان کے پاس لَوٹ آئے ھو۔

# 3

1 اِسی طرح اَے بیویوں! تُم بھی اَپنے اَپنے شوھروں کے تابع رھو
تا کہ اگر اُن میں سے بعض جو کِتاب مُقدّس کو نہ مانتے ھوں، تو بھی
تمہارے کُچھ کہے بغیر ھی تمہارے نیک چال چلن کی وجہ سے ایمان
میں آ جائیں۔
2 کیونکہ وہ تمہارے پاکیزہ اَور اَچھّے چال چلن کو دیکھتے رہتے
ھیں۔
3 تمہاری خُوبصُورتی صِرف ظاھری خُوبصُورتی نہ ھو، مثلاً بال
گُوندھنے، سونے کے زیور اَور طرح طرح کے قیمتی لباس پہننا۔
4 لیکن تمہاری باطنی اَور پوشیدہ شخصیت حلیم اَور نرم مِزاج دماغ
کی غُربت کی غَیر فانی زیورات سے آراستہ ھو، کیونکہ خُدا کی نظر میں

† 2:22 یَشع 53:9 ‡ 2:25 یَشع 53:6

باطنی حُسن کی بڑی قدر ہے۔
5 کیونکہ خُدا پر اُمّید رکھنے والی مُقدّس خواتین ماضی زمانہ میں بھی
اَپنے آپ کو اِسی طرح سنوارتی تھیں اَور اَپنے شوہروں کے تابع رہتی
تھیں۔
6 جَیسے سارہؔ حضرت اَبراھامؔ کے حُکم میں رہتی تھی اَور اُسے اَپنا
آقا کہہ کر تسلیم کرتی تھی۔ اِسی طرح اگر تُم بھی بغیر خوف کھائے
جو صحیح ہے اُسے کرو، تو تُم سارہؔ کی بیٹیاں ہو۔
7 اَے شوہروں، اِسی طرح تُم بھی اَپنی بیویوں کے ساتھ سمجھداری
سے زندگی بسر کرو، اَور عورت کو نازک ظرف جان کر اُس کی عزّت
کرو، اَور یُوں سمجھو کہ تُم دونوں زندگی کے فضل کے برابر وارِث ہو،
تا کہ تمہاری دعائیں رُک نہ جائیں۔

## نیکی کی خاطِر دُکھ سَہنا

8 غرض تُم سَب ایک دِل رہو، اَور ایک دُوسرے کے ساتھ ہمدردی
دِکھاؤ، آپَس میں برادرانہ مَحَبّت سے پیش آؤ، نرم دِل اَور فروتن بنو۔
9 بدی کے بدلے بدی نہ کرو، اَور گالی کا جَواب گالی سے نہ دو۔
بَلکہ اِس کے برعکس اَیسے شخص کو برکت دو، کیونکہ خُدا نے تُمھیں
یہی کرنے کے لیٔے بُلایا ہے تا کہ تُم مِیراث میں برکت کے وارِث بنو۔
10 جَیسا کہ کِتاب مُقدّس کا بَیان ہے،

”جو کویٔی زندگی سے مَحَبّت رکھتا ہے
اَور اَچھّے دِن دیکھنے کا خواھشمند ہے،
وہ اَپنی زبان کو بدی سے
اَور اَپنے لبوں کو دغا کی باتوں سے باز رکھے۔

11 بدی سے دُور رہے اَور نیکی کرے؛
صُلح کا طالب ہو اَور اُس کی کوشش میں رہے۔
12 کیونکہ خُداوؔند کی آنکھیں راستبازوں پر لگی رہتی ہیں
اَور اُس کے کان اُن کی دعاؤں پر لگے رہتے ہیں،
مگر وہ بدکاروں سے مُنہ موڑ لیتا ہے۔“*
13 اگر تُم نیکی کرنے میں سرگرم ہو، تو پھر کون تمہارے ساتھ بدی
کرے گا؟
14 اَور اگر تُم راستبازی کی خاطِر دُکھ بھی اُٹھاؤ تو تُم مُبارک ہو۔
”اُن کی دھمکیوں سے مت ڈرو؛ اَور نہ ہی گھبراؤ۔“†
15 بَلکہ المسیح کو خُداوؔند جان کر اَپنے دِلوں میں اُسے مُقدّس سمجھو
اَور اگر کوئی تُم سے تمہاری اُمّید کے بارے میں دریافت کرے تو اُسے
جَواب دینے کے لیٔے ہمیشہ تیّار رہو۔ لیکن نرمی اَور اِحترام کے ساتھ
اَیسا کرو۔
16 لیکن شائستگی اَور اِحترام کے ساتھ اَپنا ضمیر صَاف رکھو تاکہ جو
لوگ المسیح میں تمہارے نیک چال چلن کے بارے میں غلط باتیں کر
رہے ہیں اُنہیں اَپنی تہمت پر شرمندہ ہونا پڑے۔
17 کیونکہ اگر خُدا کی یہی مرضی ہے کہ تُم نیکی کرکے دُکھ اُٹھاؤ،
تو یہ بدی کرکے دُکھ اُٹھانے سے زِیادہ بہتر ہے۔
18 اِس لیٔے المسیح بھی گُناہوں کے لیٔے ایک ہی بار قُربان ہُوا، یعنی
ایک راستباز نے ناراستوں کے لیٔے دُکھ اُٹھایا تاکہ تُمہیں خُدا کے پاس

* 3:12 زبُور 34:12-16
† 3:14 یَشع 8:12

پہُنچائے۔ وہ جِسم کے اِعتبار سے تو مارا گیا لیکن رُوح کے ذریعہ سے
زندہ کِیا گیا۔
19 اَور المسیح نے اَپنے رُوحانی وُجُود میں جا کر اُن قَیدی رُوحوں
میں مُنادی کی۔
20 جو اُس قدیم زمانے میں نافرمان رُوحیں تھیں جَب خُدا حضرت
نُوح کے زمانہ میں صبر کرکے اُنہیں تَوبہ کرنے کا موقع بخشا تھا۔ اَور
اُس وقت حضرت نُوح لکڑی کا جہاز تیّار کر رہے تھے جِس میں
صِرف آٹھ اَشخاص سوار ہوکر پانی سے صحیح سلامت بچ نکلے تھے۔
21 اَور اُسی پانی کا مُشابہ بھی یعنی پاک غُسل یِسوعؔ المسیح کے جی
اُٹھنے کے وسیلہ سے اَب تُمھیں بچاتا ہے۔ پاک غُسل سے جِسم کی نَجاست
دُور نہیں کی جاتی ہے بَلکہ پاک غُسل کے وقت ہم صَاف ضمیر سے
خُدا کے ساتھ عہد کرتے ہیں۔
22 یِسوعؔ المسیح آسمان پر جا کر خُدا کی داھنی طرف تخت نشین ہُوئے
اَور فرشتے، آسمانی قُوّتیں اَور اِختیارات اُن کے تابع کر دیئے گئے ہیں۔

# 4

## خُدا کے لِئے زندگی بسر کرنا

1 پس جَب کہ المسیح نے جِسم کے اِعتبار سے دُکھ اُٹھایا تھا لٰہذا
تُم بھی اَیسے ہی اِرادے سے مُسلّح ہو جاؤ کیونکہ جِس نے جِسم کے
اِعتبار سے دُکھ اُٹھایا اُس نے گُناہ سے فراغت پائی۔
2 اِس لِئے اَب سے تمھاری باقی جِسمانی زندگی نَفسانی خواھشات کو
پُورا کرنے میں نہیں بَلکہ خُدا کی مرضی کے مُطابق گُزرے۔

3 کیونکہ تُم نے ماضی میں اَپنی زندگی کا بیشتر حِصّہ غَیریہُودیوں کی
طرح شہوت پرستی، بدخواھشات، شراب نوشی، ناچ رنگ، نشہ بازی
اَور مکرُوہ قِسم کی بُت پرستی میں گزار دیا۔
4 اَور اَب وہ تعجُّب کرتے ھیں کہ تُم بدچلنی اَور عیّاشی میں اُن کا
ساتھ نہیں دیتے ھو اِس لئے اَب وہ تمھاری بُرائی کرتے رہتے ھیں۔
5 لیکن اُنہیں اُسی خُدا کو حِساب دینا پڑے گا جو زندہ اَور مُردوں
کا اِنصاف کرنے کو تیّار ھے۔
6 کیونکہ مُردوں کو بھی خُوشخبری اِسی لئے سُنائی گئی تھی کہ جِسم
کے لِحاظ سے تو اُن کا اِنصاف اِنسانی پیمانہ کے مُطابق ھو، لیکن اَپنی
رُوح میں وہ خُدا کی مرضی کے مُطابق زندہ رھیں۔
7 دُنیا کے خاتمہ کا وقت نزدیک آ گیا ھے۔ اِس لئے ھوشیار رھو،
اَور سرگرم ھوکر خُوب دعا کرو۔
8 سَب سے اھم بات یہ ھے کہ آپَس میں ایک دُوسرے سے گھری
مَحَبّت رکھو، کیونکہ مَحَبّت بہت سے گُناھوں پر پردہ ڈال دیتی ھے۔
9 بغیر بُڑبُڑائے ایک دُوسرے کی مہمان نوازی میں لگے رھو۔
10 خُدا نے تُم میں سے ھر ایک کو الگ الگ رُوحانی نِعمتیں
عطا کی ھیں لٰہذا اُن مُختلف نِعمتوں کو وفادار مُختاروں کی مانند ایک
دُوسرے کی خدمت کرنے میں اِستعمال کرو۔
11 اگر کوئی کچھ بَیان کرے تو اِس طرح کرے گویا خُداوَند کا
کلام پیش کر رھا ھے۔ اگر کوئی خدمت کرے تو وہ خُدا سے قُوّت
پا کر اُسے اَنجام دے تا کہ سَب باتوں میں یِسوعؔ المسیح کے وسیلہ سے

خُدا کا جلال ظاہر ہو۔ خُدا کا جلال اَور اُن کی سلطنت ابدُالآباد تک
ھوتی رہے۔ آمین۔

## مسیحی ھونے کے باعث دُکھ اُٹھانا

12 اَے عزیزوں! مُصیبت کی آگ جو تُم میں بھڑک اُٹھی ھے وہ
تمھاری آزمائش کے لئِے ھے۔ اِس کی وجه سے تعجُّب نه کرو که
تمھارے ساتھ کوئی عجِیب بات ھو رھی ھے۔
13 بَلکه خُوشی مناؤ کی تُم المسیح کے دُکھوں میں شریک ھو رہے
ھو۔ تا که جَب اُن کا جلال ظاھر ھو، تو تُم اَور بھی نہایت خُوش و خُرّم
ھو سکو۔
14 اگر المسیح کے نام کے سبب سے تمھاری ملامت کی جاتی ھے تو
تُم مُبارک ھو، کیونکه جلال کا رُوح جو خُدا کا رُوح ھے تُم پر سایه
کئِے ھوئے ھے۔
15 لیکن اَیسا نه ھو که تُم میں سے کوئی شخص کسی کا قتل، چوری،
بدکاری یا دُوسروں کے کام میں دخل دینے کی وجه سے دُکھ اُٹھائے۔
16 لیکن اگر کوئی مسیحی ھونے کی وجه سے دُکھ اُٹھائے تو شرمنده
نه ھو بَلکه خُدا کی تمجید کرے که وہ مسیحی کھلاتا ھے۔
17 کیونکه وہ وقت آ پہُنچا ھے که خُدا کے گھر سے ھی عدالت
شروع ھو، اَور جَب اُس کی اِبتدا ھم ھی سے ھوگی تو اُن کا اَنجام کیا
ھوگا جو خُدا کی خُوشخبری کو نہیں مانتے ھیں؟
18 اَور
”اگر راستباز ھی مُشکل سے نَجات پائے گا،

تو پھر بے دین اَور گُنہگار کا حَشر کیا ہوگا؟“*
19 پس جو لوگ خُدا کی مرضی کے مُوافق دُکھ اَور تکلیف اُٹھاتے
ہیں، وہ نیکی کرتے ہویٔے اَپنے آپ کو وفادار خالق کے ہاتھوں میں
سُپرد کر دیں۔

# 5

## بُزرگوں اَور جماعت کو نصیحت

1 تُم میں جو جماعت کے بُزرگ ہیں، مَیں اُن کی مانند ایک ہم بُزرگ
اَور المسیح کے دُکھوں کا چشم دید گواہ اَور اُس کے ظاہر ہونے والے
جلال میں شریک ہوکر اُن سے یہ درخواست کرتا ہُوں۔
2 تُم خُدا کے اُس گلّہ کی گلّہ بانی کرو جو تمہارے سُپرد کیا گیا ہے،
لاچاری سے نہیں بَلکہ خُدا کی مرضی اَور اَپنی خُوشی سے نگہبانی کرو؛
اِس خدمت کو ناجائز نفع کے مقصد سے نہیں بَلکہ دِلی شوق سے اَنجام
دو۔
3 اَورجو لوگ تمہارے سُپرد کیٔے گیٔے ہیں اُن پر حُکومت مت کرنا
بَلکہ گلّہ کے لیٔے عُمدہ نمونہ بنو
4 اَور جَب اعلیٰ گلّہ بان یعنی المسیح ظاہر ہوں گے تو تُم اَیسا جلالی
سہرا پاؤگے جو کبھی نہیں مُرجھائے گا۔
5 اِسی طرح اَے جَوانوں، تُم بھی اَپنے بُزرگوں کے تابع رہو۔ بَلکہ
سَب کے سَب ایک دُوسرے کی خدمت کے لیٔے فروتنی سے کمربستہ
رہو، کیونکہ،
”خُدا مغرُوروں کا مُقابلہ کرتا ہے

* 4:18 امثا 31:11

مگر حلیموں پر مہربانی کرتا ھے۔"*
6 پس خُدا کے قوی ھاتھ کے نیچے حلیمی سے رھو، تا کہ وہ مُناسب
وقت پر تُمھیں سربُلند کرے گا۔
7 اَپنی ساری فکریں اُس خُدا پر ڈال دو کیونکہ وہ تمھاری فکر کرتا ھے۔
8 ھوشیار اَور خبردار رھو کیونکہ تمھارا دُشمن اِبلیس دھاڑتے ھُوئے
شیرببر کی مانند ڈھونڈتا پھرتا ھے کہ کِس کو پھاڑ کھائے۔
9 تُم ایمان میں مضبُوط ھوکر اَور یہ جان کر اُس کا مُقابلہ کرو کہ
تمھارے مسیحی مُومِنین بھائی اَور بہن جو اِس دُنیا میں ھیں وہ بھی اَیسے
ھی دُکھ اُٹھا رھے ھیں۔
10 اَور اَب خُدا جو سارے فضل کا سرچشمہ ھے، جِس نے تُمھیں
المسیح یِسوعؔ میں اَپنے دائمی جلال میں شریک ھونے کے لئے بُلایا ھے،
تمھارے تھوڑی دیر تک دُکھ اُٹھانے کے بعد، خُدا آپ ھی تُمھیں کامِل
اَور قائِم اَور مضبُوط کر دے گا۔
11 خُدا کی سلطنت ابدُالآباد تک ھوتی رھے۔ آمین۔

## آخِری سلام و مُبارکبادی

12 مَیں نے تُمھیں یہ مُختصر خط سِلوانُسؔ یعنی سِیلاسؔ کی مدد سے
لِکھّا ھے، جسے میں وفادار بھائی سمجھتا ھُوں تا کہ تمھاری حوصلہ اَفزائی
ھو اَور مَیں یہ تصدیق کرتا ھوں کہ خُدا کا سچّا فضل یہی ھے، اِس پر
قائِم رھنا۔

* **5:5** امثا 34:3

13 بابیل میں تمھاری طرح ایک برگُزیدہ جماعت ہے جو تُمھیں سلام
کھتی ہے۔ میرا بیٹا مرقُسؔ بھی تُمھیں سلام کھتاہے۔
14 ایک دُوسرے کو مَحَبّت سے چُوم کر† سلام کرو۔

تُم سَب کو جو المسیح میں ہو اِطمینان حاصل ہوتا رہے۔

† 5:14 چُوم کر زمانہ قدیم میں ایک دُوسرے کو چُوم کر سلام کرنے کا دستور تھا۔ لیکن آج مُختلف طریقہ سے اِسے اَنجام دیا جاتا ہے۔

# ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica

## Urdu: ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica™
اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https://creativecommons.org/licenses/by-sa/4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica™
اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
"Biblica" اَور ریاست ہائے متحدہ کے حُقُوق کی سند اَور رجسٹرڈ تجارتی ذریعہ کےBiblica Inc
نشان دَفتر میں درج ہے۔ کیا اسیعمال ساتھ کے اجازت وہیں۔ جاتاہے۔
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

- You include the above copyright and source information.
- If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.
- If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f